فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/5

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے صاف ہائیڈروجن سے متعلق تحقیق، ڈیولپمنٹ اور اس کا عملی مظاہرہ کرنے والے منصوبوں میں جدت طرازی میں تیزی لانے کے لئے 10$ ملین کا اعلان کر دیا

نیو یارک میں قائم اداروں کی طرف سے تجویز کردہ بجلی-پر منتقلی-میں-مشکل والے شعبوں میں وفاقی صاف ہائیڈروجن فنڈنگ والے ایسے منصوبوں سے درخواستیں وصول کرنے کا عمل جاری ہے جو اس میں فعال طور پر مصروف عمل ہیں

2050 تک مضر اخراج کو 85 فیصد تک کم کرنے اور 2040 تک 100 فیصد صفر مضر اخراج والی بجلی پیدا کرنے کے لئے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کی حمایت کرتا ہے

گورنر Kathy Hochulگورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین کے انیشیئیٹو کا اعلان کیا جو صاف ہائیڈروجن سے متعلق جدت طراز تحقیق، ترقی اور اس کا عملی مظاہرہ کرنے والے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لئے ہوگی جو بجلی پر منتقلی میں مشکل سیکٹرز میں فوسل ایندھن کا استعمال ختم کرنے کے چیلنج سے نمٹنے پر کام کر رہے ہیں۔ درخواستوں کی وصولی کا یہ عمل نیو یارک میں واقع اداروں کی طرف سے تجویز کردہ منصوبوں کی فنڈنگ کے لئے کھلا ہے جو وفاقی صاف ہائیڈروجن فنڈنگ کے مواقع کے لئے بھی فعال طور پر درخواست دے رہے ہیں۔ آج کا اعلان Climate Leadership and Community Protection Act کے اہداف کی حمایت کر رہا ہے جس کا مقصد سنہ 2050 تک مضر اخراج کو 85 فیصد کم کرنا اور 2040 تک 100 فیصد صفر مضر اخراج والی بجلی کی طرف منتقل ہونا ہے۔

"صاف ہائیڈروجن میں سرمایہ کاری نیو یارک کے اس عزم کی تازہ ترین مثال ہے جس میں وہ صاف توانائی کی معیشت پر منتقل ہونے کے لئے تمام ٹیکنالوجیز اور رہیں تلاش کر رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست کے سرکردہ جدت طرازوں اور مسائل کا حل نکالنے والوں کے ساتھ باہم شراکت داری میں ہم مشکل ترین شعبوں کو بھی منتقل کرنے کے لئے جرات مندانہ اقدامات کر رہے ہیں، جس سے نیو یارک کے تمام شہریوں کے لئے ایک صحت مند اور پائیدار مستقبل حاصل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔"

نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) کے زیر انتظام یہ نیا اقدام ریاست نیو یارک کی صاف ہائیڈروجن ایکو سسٹم کی جانب مجموعی ترقی کے ساتھ باہم شامل ہو کر کام کرے گا جس میں نارتھ ایسٹ ریجنل کلین ہائیڈروجن ہب (NE Hub) کی کوششیں بھی شامل ہیں۔ اگرچہ NE Hub کا کام وسیع تر شمال مشرقی خطے میں صاف ہائیڈروجن کی ڈپلائمینٹ پر مرکوز ہے، تاہم آج اعلان کردہ اقدام خاص طور پر RD&D کی ان کوششوں کو فنڈ کرے گا جو نیو یارک میں صاف ہائیڈروجن والی معیشت کو آگے بڑھانے اور ماحولیاتی ایکٹ کے اہداف کے حصول میں مدد کے لئے سب سے زیادہ متعلقہ اور اہم ترین ہیں۔ واحد اداروں یا ٹیموں پر مشتمل درخواست دہندگان جدت طراز تحقیق، ڈویلپمینٹ اور صاف ہائیڈروجن کے عملی مظاہرے کے لئے چار تکنیکی چیلنج والے شعبوں کے تحت فنڈنگ کے لئے مسابقت کر سکتے ہیں، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- ایسی ہائیڈروجن ایپلی کیشنز جن سے صنعتی پراسیس کی حرارت کو ڈی کاربنائز کیا جا سکے؛

- خالص ہائیڈروجن کی پیداوار اور قابل تجدید توانائی مثلاً شمسی توانائی اور ساحلی علاقوں کی ہوا سے حاصل کردہ توانائی کا انضمام؛
- ہائیڈروجن کے احتراق میں نائٹروجن آکسائڈ (NOx) کے اخراج میں کمی لانا؛ اور
- ہائیڈروجن اسٹوریج ٹیکنالوجیز، بشمول بلک اسٹوریج اور محدود فٹ پرنٹ والے علاقوں میں اسٹوریج۔

کامیاب ایوارڈز کا انحصار وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے پر ہوگا۔ اس نئے انیشیٹو کے لئے درخواستیں 28 جون، 2023 کو سہ پہر 3:00 بجے تک وصول کی جائیں گی۔ NYSERDA کی پروپوزل دستاویزات کے ساتھ، تجویز کنندگان کو NYSERDA کے ذریعے تشخیص کے لئے اپنا وفاقی تصور والا پیپر بھی پیش کرنا ہوگا۔ اضافی معلومات اور متعلقہ دستاویزات کے لئے NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ NYSERDA ایک ویبینار 7 جون کو سہ پہر 3:00 بجے سے 4:00 بجے تک منعقد کرے گا جس میں درخواستیں دائر کرنے کے اس عمل کی تفصیلات اور اہلیت کی ضروریات شیئر کی جائیں گی۔ براہ کرم یہاں رجسٹر ہوں۔

New York State Energy Research and Development کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "یہ نیا اقدام صاف ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام کو فروغ دینے میں نیو یارک کی قیادت کو مزید اجاگر کرتا ہے جو معاشی ترقی، لچکداری، اور ماحولیاتی انصاف کو آگے بڑھانے کے لئے پیداوار، مینوفیکچرنگ اور اختتامی استعمال کو باہم مربوط کرنے والی اپچ ہے۔ ایسے مخصوص تکنیکی چیلنج والے شعبوں کو مرکز توجہ بنانا جو معیشت کے مشکل سے بجلی پیدا کرنے والے شعبوں میں جدت طرازی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، ریاست کی برقی کاری کی کوششوں کی تکمیل کرتے ہیں جبکہ ریاست بھر میں اخراج کو کم کرتے ہیں، بشمول زیادہ بوجھ والے علاقوں میں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر اور کلائمیٹ ایکشن کونسل کے شریک چیئرمین Basil Seggos نے کہا، "ہائیڈروجن سے متعلق تحقیق اور ڈویلپمینٹ پر توجہ مرکوز کرنے والا یہ اہم اقدام ریاست نیو یارک میں ہمارے پرعزم آب و ہوا کے ایجنڈے کے جزو کے طور پر فوسل ایندھن کا استعمال کم کرنے والی ہماری کوششوں کی پایہ تکمیل تک پہنچائے گا۔ گورنر Hochul کی قیادت میں درخواست وصولی کا یہ عمل صاف توانائی کی معیشت میں ہماری منتقلی میں مدد کے لئے صاف ہائیڈروجن میں تحقیق اور جدت طرازی کو آگے بڑھائے گا اور ماحولیاتی ایکٹ کے تحت ہمارے جارحانہ اہداف کو پورا کرے گا، تاکہ سنہ 2030 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 1990 کی سطح سے 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد کمی کو یقینی بنایا جا سکے جو سرسبز ماحول اور پسماندہ برادریوں میں مساوات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے آنے والی نسلوں کے لئے ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کر سکیں۔"

اس سولیسٹیشن عمل کے ذریعے ایوارڈ کیے جانے والے منصوبے مستقبل میں ہائیڈروجن ہب پروجیکٹ کی ڈپلائمنٹ کی راہ ہموار کریں گے اور نیو یارک، کنیکٹیکٹ، مین، میساچوسٹس، نیو جرسی، روڈ آئی لینڈ اور ورمونٹ سمیت NE Hub کے شراکت داروں اور 100 سے زائد ہائیڈروجن ایکو سسٹم کے شراکت داروں کی طرف سے پیش کردہ ریجنل ہائیڈروجن حکمت عملی کو مضبوط کریں گے جنہوں نے اپریل کے اوائل میں U.S. Department of Energy کو پیش کردہ ایک پروپوزل کی تیاری میں تعاون کیا تھا جس میں ہائیڈروجن ہب کی فنڈنگ اور وفاقی انفراسٹرکچر اینڈ جابز ایکٹ کے تحت ریجنل ہب کے طور پر نامزد کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اس ریجنل سٹڈی میں شامل ہیں:

- **صاف الیکٹرولائٹک ہائیڈروجن کی پیداوار کو ترجیح دینا** - الیکٹرولائیزر کو شمسی اور ہوا جیسی قابل تجدید توانائی کے ساتھ باہم مربوط کرنا۔

- **مشکل-سے-بجلی پہنچانے والے شعبوں کو کاربن سے پاک کرنے کے لئے صاف ہائیڈروجن کا استعمال** - صنعتی عمل کی حرارت کو کاربن سے پاک کرنے کے لئے ہائیڈروجن ایپلی کیشن، جو نیویارک کی صنعت میں استعمال ہونے والی مجموعی حرارت کے 60 فیصد سے زیادہ ہے جو فی الوقت فوسل ایندھن کو جلا کر فراہم کی جاتی ہے۔

- **شمال مشرق خطے کے جدت طرازی والے ایکو سسٹم کو بڑے پیمانے پر وسعت دینا -** نیو یارک کے اداروں اور منصوبوں کے لئے لاگت کا حصہ فراہم کرنا تاکہ وفاقی ایجنسیوں کی طرف سے حال ہی میں اعلان کردہ متعدد فنڈنگ مواقع میں 1$ بلین سے زائد رقوم کا بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔

- **کمیونٹیز کو شامل کرنے، ماحولیاتی انصاف، تنوع، مساوات اور شمولیت پر خصوصی توجہ مرکوز کرنا -** ماحولیاتی انصاف اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے نقطہ نظر نے اس سولیسٹیشن کے لئے توجہ مرکوز کرنے والے شعبوں کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا تھا، بشمول قابل تجدید توانائی کے ساتھ صاف ہائیڈروجن کی پیداوار میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینا، پسماندہ برادریوں میں مقامی آلودگی کے اثرات کو کم کرنے کے لئے ایپلی کیشنز پر توجہ مرکوز کرنا، اور ہائیڈروجن کے استعمال کے نتیجے میں نائٹروجن آکسائڈز (NOx) کے اخراج کو کنٹرول کرنا، مثلاً مشکل-سے-بجلی پر جانے والے شعبہ جات جیسے اونچے درجہ حرارت والی صنعتی مینوفیکچرنگ کے پراسیسز۔

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "اگرچہ ہم ریاست کے پرعزم CLCPA اہداف کو پورا کرنے کے لئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں، لیکن یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ ایسے شعبے بھی موجود ہیں جن میں بجلی پہنچانا ہمیشہ ناممکن تو نہیں لیکن مشکل ضرور ہوگا۔ صاف ہائیڈروجن جیسے کم کاربن ایندھن کے ساتھ کام کرنا ان چیلنجوں سے نمٹنے کی ایک حکمت عملی ہے اور یہ دور رس اقدام، جس کا NYSERDA نے حال ہی میں اعلان کیا ہے، اس سے ہمیں ڈی کاربنائزیشن کے حصول میں صاف ہائیڈروجن کی مکمل صلاحیت کو مزید سمجھنے میں کافی مدد ملے گی۔"

نیو یارک بیٹری اینڈ انرجی اسٹوریج ٹیکنالوجی کنسورشیم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Bill Ackerنے کہا، "NY-BEST کے صاف ہائیڈروجن پر کام کرنے والے ممبران بجلی کی پیداوار، ہیوی ڈیوٹی ٹرانسپورٹیشن، اور صنعتی شعبے کو کاربن سے پاک کرنے میں اہم چیلنجوں سے نمٹنے والے حل بھی تیار کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ایک ایسی صنعت کی تعمیر بھی کر رہے ہیں جو ریاست کے لئے اہم اقتصادی انجن کا کردار ادا کرے گی۔ NYSERDA کی جانب سے آج اعلان کردہ نیا اقدام اہم صاف ہائیڈروجن سے متعلق نئی تحقیق، ترقی اور اسکا عملی مظاہرہ کرنے والے منصوبوں کی مالی اعانت میں مدد کرے گا، جس سے یہاں نیو یارک میں ایک مضبوط صاف ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام تیار کرنے کی ہماری کوششوں کو مہمیز ملے گی۔"

سینٹر فار ہائیڈروجن سیفٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Nick Barilo نے کہا، "جوں جوں صاف ہائیڈروجن منصوبوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جائے گا، ویسے ویسے اس منصوبے میں کامیابی کو حاصل کرنے کے لئے حفاظتی اقدامات کو ترجیح دینا ضروری ہوگا۔ Center for Hydrogen Safety اور اس کے وسائل ان سرگرمیوں میں شامل تنظیموں کے لئے دستیاب ہیں تاکہ ہائیڈروجن اور فیول سیل ٹیکنالوجیز میں محفوظ اور بروقت منتقلی کو ممکن بنایا جا سکے۔ NYSERDA ایک رکن کی حیثیت سے ریاست نیو یارک میں ہائیڈروجن ٹیکنالوجیز کی ترقی کی حمایت کرتے ہوئے ہائیڈروجن سیفٹی کے بہترین طریقوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات تک رسائی رکھتا ہے۔"

آج اعلان کردہ اقدام کلائمیٹ ایکشن کونسل اسکوپنگ پلان کے مطابق تیار کیا گیا تھا اور اسکی منظوری دسمبر 2022 میں دی گئی تھی، جس میں صاف ہائیڈروجن جیسے کم کاربن ایندھن کے اسٹریٹجک استعمال کی نشاندہی کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ، ماحولیاتی انصاف اور پسماندہ کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے نقطہ نظر نے بھی اس سولیسٹیشن کے لئے چیلنجوں اور توجہ کے شعبوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے، بشمول ہائیڈروجن احتراق کے نتیجے میں NOx کے اخراج کو کم کرنے کے لئے تحقیق کو ترجیح دینا، اور قابل تجدید توانائی کے ساتھ صاف ہائیڈروجن کی پیداوار پر توجہ مرکوز کرنا۔

یہ اعلان ریاست نیو یارک کی تحقیق، ترقی اور کمرشلائزیشن میں سرمایہ کاری کو مزید مہمیز دے رہاتاکہ ایسے جدت طرازوں کی مدد کی جا سکے جو ریاست کی پوری معیشت میں کاربن کی غیر جانبداری کے لئے ریاست کے ہدف کو پورا کرنے کے لئے درکار کم اخراج والی اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیوں کو تیز تر کرنے پر کام رہے ہیں۔ NYSERDA کا اختراعی پروگرام 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ہمہ پہلو کمرشلائزیشن معاونت کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مختص کر رہا ہے۔ نجی سرمایہ کاری میں 680$ ملین ڈالر سے زیادہ اور پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین سے زیادہ کی رقوم فعال کی گ‍ئی

ہیں، اور این وائی ایس ای آر ڈی اے کی ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں 450 سے زیادہ جدید صاف توانائی کی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جس میں LED لائٹنگ سسٹم ، گھریلو آلات ، طویل مدت تک چلنے والی بیٹریاں ، اور حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے زیادہ مؤثر سسٹمز شامل ہیں۔

اس اقدام کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے Clean Energy Fund کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیویارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور یہ امر یقینی بنائے کہ ساتھ صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کے کم از کم 35 فیصد حصے کا رخ پسماندہ کمیونٹیز کی جانب موڑا جائے، جبکہ اصل ہدف 40 فیصد ہو۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ اس تبدیلی کا بنیادی ستون نیو یارک کی صاف توانائی میں بے مثال سرمایہ کاری ہے، جس میں ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر قابل تجدید بجلی اور اسکی ترسیل کے پوری ریاست میں 120 لارج-سکیل قابل تجدید منصوبوں پر 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لئے 6.8$ بلین، شمسی توانائی سے بجلی میں اضفے کے لئے 3.3$ بلین، صاف ٹرانسپورٹیشن کے اقدامات کے لئے 1$ بلین ڈالر سے زیادہ، اور NY Green Bank کے وعدوں کے 1.8$ بلین شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سنہ2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں پیدا کر رہی ہیں اور سنہ 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہے ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ علاقے، تقریباً 500 صاف توانائی والے علاقے، اور پوری ریاست میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی ہوا کی نگرانی کرنے والی پہل کاریوں کے ساتھ نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کو اپنا ہدف بنانے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں